# زیارت ائمہ کے بعد دعا

یہ دعا مضامین عالیہ پر مشتمل ہے اور اسے ہر امامؑ کی زیارت کے بعد پڑھا جا سکتا ہے سید بن طاؤس نے اس دعا کو مصباح الزائر میں اسی زیارت جامعہ کے بعد فرمایا ہے اور وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ إِنِّی زُرْتُ ھذَا الْإِمامَ مُقِرَّاً بِإِمامَتِهِ مُعْتَقِداً لِفَرْضِ طاعَتِهِ فقَصَدْتُ مَشْهَدَهُ بِذُنُوبِی وَعُیُوبِی

اے معبود! میں نے اس امامؑ کی زیارت کی ہے جبکہ ان کی امامت کا اقرار کرتا ہوں انکی اطاعت واجب ہونے کا اعتقاد رکھتا ہوں پس میں نے

وَمُوبِقاتِ آثامِی وَكَثْرَةِ سَیِّئاتِی وَ خَطایایَ وَمَا تَعْرِفُهُ مِنِّی مُسْتَجِیراً بِعَفْوِكَ مُسْتَعِیذاً بِحِلْمِكَ

ان کی بارگاہ کا ارادہ کیا اگرچہ میرے جرائم بہت ہیں نیز میری برائیاں اور غلطیاں بہت زیادہ ہیں جن کو تو خوب جانتا ہے پناہ لیتا ہوں، تیری درگزر کی آڑ لیتا

راجِیاً رَحْمَتَكَ لاجِیاً إِلَی رُكْنِكَ عائِذاً بِرَأْفَتِكَ مُسْتَشْفِعاً بِوَلِیِّكَ وَابْنِ أَوْلِیائِكَ

ہوں تیری نرمی کی امید رکھتا ہوں، تیری رحمت کا سہارا لیتا ہوں، تیری رحمت کے ستون کا آسرا لیتا ہوں، تیری مہربانی کو سفارشی بناتا ہوں، تیرے ولی کو جو تیرے

وَصَفِیِّكَ وَابْنِ أَصْفِیائِكَ وَ أَمِینِكَ وَابْنِ أُمَنائِكَ وَخَلِیفَتِكَ وَابْنِ خُلَفائِكَ الَّذِینَ

ولیوں کا فرزند ہے تیرے برگزیدہ کو جو تیرے برگزیدوں کا فرزند ہے تیرے امانتدار کو جو تیرے امانت داروں کا فرزند ہے تیرے خلیفہ کو جو تیرے خلفاء کا فرزند ہے

جَعَلْتَهُمُ الْوَسِیلَةَ إِلی رَحْمَتِكَ وَرِضْوانِكَ وَالذَّرِیعَةَ إِلی رَأْفَتِكَوَغُفْرانِكَ اَللّٰھُمَّ وَأَوَّلُ

شفیع بناتا ہوں جن کو تو نے اپنی رحمت کا وسیلہ قرار دیا اپنی رحمت اور خوشنودی کی طرف اور اپنی نوازش اور بخشش کی طرف ذریعہ بنایا ہے اور اے معبود تجھ سے میری پہلی

حاجَتِی إِلَیْكَ أَنْ تَغْفِرَ لِی مَا سَلَفَ مِنْ ذُنُوبِی عَلَی كَثْرَتِها وَأَنْ تَعْصِمَنِی فِیما بَقِیَ مِنْ عُمْرِی

حاجت یہ ہے کہ تو میرے پچھلے گناہ بخش دے اگرچہ وہ بہت زیادہ ہیں اور یہ کہ میری بقایا زندگی میں مجھے گناہوں سے محفوظ فرما میرے دین کو پاک رکھ ان

وَتُطَهِّرَدِینِی مِمَّا یُدَنِّسُهُ وَیَشِینُهُ وَیُزْرِی بِهِ وَتَحْمِیَهُ مِنَ الرَّیْبِ وَالشَّكِّ وَالْفَسادِ وَالشِّرْكِ

باتوں سے جو اسے آلودہ، ناپسندیدہ اور بد نما بناتی ہیں میرے دین کو ہر طرح کی آمیزش، شک، بگاڑ اور شرک سے بچائے رکھ۔

وَتُثَبِّتَنِی عَلَی طاعَتِكَ وَطاعَةِ رَسُولِكَ وَذُرِّیَّتِهِ النُّجَباءِ السُّعَداءِ صَلَواتُك عَلَیْهِمْ وَرَحْمَتُكَ

مجھ کو اپنی اور اپنے رسولؐ کی اطاعت پر قائم و استوار فرما نیز ان کے فرزندان کی اطاعت پر جو پاک اصل اور باسعادت ہیں ان پر تیرا درود ہو اور تیری رحمت تیرا

وَسَلامُكَ وَبَرَكاتُكَ وَتُحْیِیَنِ مَا أَحْیَیْتَنِی عَلَی طاعَتِهِمْ وَتُمِیتَنِی إِذا أَمَتَّنِی عَلَی طاعَتِهِمْ وَأَنْ لاَ

سلام اور تیری برکات ہوں جب تک تو مجھے زندہ رکھے زندہ رکھ ان کی اطاعت پر اور جب مجھے موت دے تو موت دے ان کی اطاعت میں اور

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

تَمْحُوَ مِنْ قَلْبِی مَوَدَّتَهُمْ وَمَحَبَّتَهُمْ وَبُغْضَ أَعْدائِهِمْ وَمُرافَقَةَ أَوْلِيائِهِمْ وَبِرَّهُمْ وأَسْأَلُکَ يارَبِّ

میرے دل سے ان کی دوستی ومحبت ان کے دشمنوں سے دشمنی ان کے دوستوں سے دوستی اور ان سے دور نہ ہونے دیا اور اے پرودگار سوال کرتا ہوں کہ

أَنْ تَقْبَلَ ذلِکَ مِنِّی وَ تُحَبِّبَ إِلَیَّ عِبادَتَکَ وَالْمُواظَبَةَ عَلَيْها وَتُنَشِّطَنِی لَها وَتُبَغِّضَ إِلَیَّ مَعاصِيَکَ

میری یہ دعا قبول فرما میرے لیے اپنی عبادت اور اس کے جاری رکھنے کو پسندیدہ اور میرے لیے خوشی کا ذریعہ بنا اپنی نافرمانی اور حرام چیزوں

وَمَحارِمَکَ وَتَدْفَعَنِی عَنْها وَتُجَنِّبَنِی التَّقْصِيرَ فِی صَلَواتِی وَالاسْتِهانَةَ بِها وَالتَّراخِیَ عَنْها

کو میرے لیے ناپسندیدہ بنا دیا وران سے بچائے رکھ مجھ کوادائے نماز میں کوتاہی وسستی کرنے اور اسے بے اہمیت سمجھنے سے محفوظ فرما نیز مجھ کوادائے نماز کی

وَتُوَفِّقَنِی لِتَأْدِيَتِها کَما فَرَضْتَ وَأَمَرْتَ بِهِ عَلَی سُنَّةِ رَسُولِکَ صَلَواتُکَ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَرَحْمَتُکَ

توفیق دے%oo تو نے اسے واجب کیا اور اپنے رسولؐ کے طریقے پر، اُسے عاجزی وخوف سے ادا کرنیکا حکم دیا ہے ان پر اوران کی اٰلؑ پر تیرا درود ہو اور تیری رحمتیں

وَبَرَکاتُکَ خُضُوعاً وَخُشُوعاً وَتَشْرَحَ صَدْرِی لِإيتاءِ الزَّکاةِ وَإِعْطاءِ الصَّدَقاتِ وَبَذْلِ الْمَعْرُوفِ

ہوں اور تیری برکتیں ہوں اور میرا سینہ کھول دے تاکہ بخوشی زکوٰۃ دوں اورصدقات ادا کروں نیز اٰل محمد علیہم السلام کے پیروکاروں اور

وَالْإِحْسانِ إِلی شِيعَةِ آلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ اَلسَّلامُ وَمُواساتِهِمْ وَلا تَتَوَفَّانِی إِلَّا بَعْدَ أَنْ تَرْزُقَنِی

ان کے ہمدردوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کروں اوران سے نیکیو بھلائی میں کوشاں رہوں اور مجھے موت نہ دے جب تک تو مجھے اپنے حرمت والے گھر کا حج نہ کرا

حَجَّ بَيْتِکَ الْحَرامِ وَزِيارَةَ قَبْرِ نَبِيِّکَ وَقُبُورِ الْأَئِمَّةِ عَلَيْهِمُ اَلسَّلامُ وأَسْأَلُکَ يارَبِّ تَوْبَةً نَصُوحاً

دے اور اپنے نبیؐ کے روضۂ پاک اور ائمہ علیہم السلام کے مقبروں کی زیارت کا شرف نہ بخش دے اور تجھ سے سوال کرتا ہوں اےپرودگار سچی توبہ کا جسے تو قبول کرے

تَرْضاها وَنِيَّةً تَحْمَدُها وَعَمَلاً صالِحاً تَقْبَلُهُ وَأَنْ تَغْفِرَ لِیوَتَرْحَمَنِی إِذا تَوَفَّيْتَنِی وَتُهَوِّنَ عَلَیَّ

ایسی نیت کا جسے تو پسند کرے اور ایسے نیک عمل کا جسے تو مقبول فرمائے اور یہ کہ تو مجھے بخش دیا ور مجھ پر رحم کرے جب تو مجھے موت دے مجھ پر موت کی سختیوں

سَکَراتِ الْمَوْتِ وَتَحْشُرَنِی فِی زُمْرَةِ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ صَلَواتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ وَتُدْخِلَنِی الْجَنَّةَ

کو آسان کرے اور مجھے محمد مصطفیٰؐ کے گروہ میں اٹھائے انؐ پر اور ائمہ کرامؑ پر خدا کی رحمتیں ہوں نیز یہ کہ تو مجھے اپنی رحمت سے داخل جنت فرمائے

بِرَحْمَتِکَ وَتَجْعَلَ دَمْعِی غَزِيراً فِی طاعَتِکَ وَعَبْرَتِی جارِيَةً فِيمَا يُقَرِّبُنِی مِنْکَ وَقَلْبِی

اور اپنی اطاعت میں میرے آنسو جاری کردے اس عمل میں میرے آنسو نکلیں جو مجھے تیرے قریب کردیں اور اپنے

عَطُوفاً عَلَی أَوْلِيائِکَ وَتَصُونَنِی فِی هذِهِ الدُّنْيامِنَ الْعاهاتِ وَالْآفاتِ وَ الْأَمْراضِ الشَّدِيدَةِ

دوستوں کے لیے میرے دل کو نرم بنادے مجھے اس دنیا میں بچائے رکھ سختیوں اورمصیبتوں سے شدید بیماریوں اور

وَالْأَسْقامِ الْمُزْمِنَةِ وَجَمِيعِ أَنْواعِ الْبَلاءِ وَالْحَوادِثِ وَتَصْرِفَ قَلْبِی عَنِ الْحَرامِ وَتُبَغِّضَ إِلَیَّ

پرانے دکھوں سے اور ہر قسم کی تنگیوں اور ناگہانی تکلیفوں سے محفوظ فرما میرے دل کو حرام سے دور رکھ اپنی نافرمانی کو میرے

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

مَعاصِيَكَ وَتُحَبِّبَ إِلَيَّ الْحَلالَ وَتَفْتَحَ لِي أَبْوابَهُ وَتُثَبِّتَ نِيَّتِي وَفِعْلِي عَلَيْهِ وَتَمُدَّ فِي عُمْرِي

لیے ناپسند بنا حلال کو میرے لیے پسندیدہ بنا اور مجھ پر اس کی راہیں کھول دے میری نیت اور میرے کردار کو اس پر قائم رکھ مجھے طویل عمر دے اور مجھ سے

وَتُغْلِقَ أَبْوابَ الْمِحَنِ عَنِّي وَلا تَسْلُبَنِي مَا مَنَنْتَ بِهِ عَلَيَّ وَلا تَسْتَرِدَّ شَيْئاً مِمَّا أَحْسَنْتَ بِهِ إِلَيَّ

سختی کے دروازے بند کر دے جو چیزیں مجھے عطا کی ہیں واپس نہ لے جن چیزوں کا مجھ پر احسان کیا ہے ان سے محروم نہ کر جو نعمتیں تو نے مجھے عطا فرمائی ہیں

وَلا تَنْزِعُ مِنِّي النِّعَمَ الَّتِي أَنْعَمْتَ بِها عَلَيَّ وَتَزِيدَ فِيما خَوَّلْتَنِي وَتُضاعِفَهُ أَضْعافاً مُضاعَفَةً وَ

وہ نہ â بلکہ جو کچھ مجھے عنایت کیا ہے اس میں اضافہ فرما، اضافے پر اضافہ کرتا رہ اور مجھ کو دولت دے بہت زیادہ، کشادہ تر، بہترین پسندیدہ، بڑھنے والی، ختم نہ

تَرْزُقَنِي مالاً كَثِيراً واسِعاً سائِغاً هَنِيئاً نامِياً وافِياً وَعِزّاً باقِياً كافِياً وَجاهاً عَرِيضاً مَنِيعاً وَنِعْمَةً

ہونے والی، عزت دے قائم رہنے والی، آبرو دے بہت زیادہ اور محکم نعمت دے عمدہ وزیادہ اور اس طرح مجھے مالا مال کر دے کہ بچ جاؤں سخت محنتوں اور مشکل وقتوں

سابِغَةً عامَّةً وَتُغْنِيَنِي بِذلِكَ عَنِ الْمَطالِبِ الْمُنَكَّدَةِ وَالْمَوارِدِ الصَّعْبَةِ وَتُخَلِّصَنِي مِنْها مُعافىً فِي

سے اور چھٹکارا دے ان سے تا کہ محفوظ رہے میرا دین، میری جان، میری اولاد اور جو کچھ تو نے مجھے عطا کیا اور بخشا ہے میرے دل کو میرے لیے

دِينِي وَنَفْسِي وَوَلَدِي وَمَا أَعْطَيْتَنِي وَمَنَحْتَنِي وَتَحْفَظَ عَلَيَّ مالِي وَجَمِيعَ ما خَوَّلْتَنِي وَتَقْبِضَ

محفوظ فرما اور وہ سب کچھ جو مجھے دیا ہے نیز ظالموں کے ہاتھ مجھ سے روکے رکھ،

عَنِّي أَيْدِيَ الْجَبابِرَةِ وَتَرُدَّنِي إِلى وَطَنِي وَتُبَلِّغَنِي نِهايَةَ أَمَلِي فِي دُنْيايَ وَآخِرَتِي وَتَجْعَلَ عاقِبَةَ أَمْرِي

مجھے اپنے وطن پہنچا دے اور دنیا و آخرت میں میری آرزوئیں پوری فرما میرا انجام قابل تعریف،

مَحْمُودَةً حَسَنَةً سَلِيمَةً وَتَجْعَلَنِي رَحِيبَ الصَّدْرِ واسِعَ الْحالِ حَسَنَ الْخُلُقِ بَعِيداً مِنَ الْبُخْلِ

نیک اور باسلامتی قرار دے مجھ کو فراخ دل خوشحال اور خوش اخلاق بنا نیز مجھ کو کنجوسی، مال بند رکھنے، دو رخی، جھوٹ، الزام تراشی

وَالْمَنْعِ وَالنِّفاقِ وَالْكِذْبِ وَالْبَهْتِ وَقَوْلِ الزُّورِ وَتُرْسِخَ فِي قَلْبِي مَحَبَّةَ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

اور ناحق بات کہنے سے بچا میرے دل میں محمدؐ و آل محمدؑ اور ان کے پیروکاروں کی محبت پیدا کر دے

وَشِيعَتِهِمْ وَتَحْرُسَنِي يارَبِّ فِي نَفْسِي وَأَهْلِي وَمالِي وَوَلَدِي وَ أَهْلِ حُزانَتِي وَإِخْوانِي وَأَهْلِ

اے پروردگار میری جان، میرے کنبے، میرے مال، میری اولاد، میرے خاندان، میرے برادران دینی، میرے دوستوں اور میری نسل کی اپنی رحمت

مَوَدَّتِي وَذُرِّيَّتِي بِرَحْمَتِكَ وَجُودِكَ. اَللّٰهُمَّ هذِهِ حاجاتِي عِنْدَكَ وَقَدِ اسْتَكْثَرْتُها لِلُؤْمِي

اور عطا کے ساتھ نگہبانی فرما اے معبود! میری یہ حا D تیرے سامنے پیش ہیں کہ میں ان کو اپنی پستی و کمی کے باعث بہت زیادہ تصور کرتا ہوں۔

وَشُحِّي وَهِيَ عِنْدَكَ صَغِيرَةٌ حَقِيرَةٌ وَعَلَيْكَ سَهْلَةٌ يَسِيرَةٌ فَأَسْأَلُكَ بِجاهِ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

لیکن تیرے لیے یہ بہت کم اور بے وزن ہیں تیرے لیے یہ آسان اور ہلکی ہیں پس تجھ سے سوال کرتا ہوں محمدؐ و آل محمدؐ کی عزت کے واسطے سے جو تیرے

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ اَلسَّلامُ عِنْدَکَ وَبِحَقِّهِمْ عَلَيْکَ وَبِمَا أَوْجَبْتَ لَهُمْ وَ بِسائِرِ أَنْبِيائِکَ وَرُسُلِکَ

ہاں ہے آپؐ پر اور آپؐ کی آل پر سلام بواسطہ ان کے حق کے جو تجھ پر ہے اور بواسطہ اس کے جو تو نے ان پر واجب کیا اور بواسطہ اپنے نبیوں، رسولوں،

وَأَصْفِيائِکَ وَأَوْلِيائِکَ الْمُخْلَصِينَ مِنْ عِبادِکَ وَ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ لَمَّا قَضَيْتَها

برگزیدوں، اپنے دوستوں اور اپنے پاک دل بندوں کیا اور بواسطہ اپنے اس نام کے جو بڑے سے بڑا ہے میری سبھی حاجات پوری فرما، مرادیں

کُلَّها وَأَسْعَفْتَنِي بِها وَلَمْ تُخَيِّبْ أَمَلِي وَرَجائِي. اَللّٰهُمَّ وَشَفِّعْ صاحِبَ هذَا الْقَبْرِ فِيَّ يَا سَيِّدِي

برلا اور میری آرزوں اور امیدوں کو ناتمام نہ چھوڑ اے معبود! میرے حق میں اس صاحب قبر کی شفاعت قبول فرما اے میرے آقا اے ولی خدا اے امین خدا

يَا وَلِيَّ اللهِ يَا أَمِينَ اللهِ أَسْأَلُکَ أَنْ تَشْفَعَ لِي إِلَى اللهِ عَزَّوَجَلَّ فِي هذِهِ الْحاجاتِ کُلِّها بِحَقِّ

میں سوال کرتا ہوں کہ خدائے عزوجل کے حضور کہ وہ میری شفاعت کریں ان تمام حاجتوں کے بارے میں واسطہ ہے آپ کے پاک اصل بزرگان اور

آبائِکَ الطَّاهِرِينَ وَبِحَقِّ أَوْلادِکَ الْمُنْتَجَبِينَ فَإِنَّ لَکَ عِنْدَ اللهِ تَقَدَّسَتْ أَسْماؤُهُ الْمَنْزِلَةَ الشَّرِيفَةَ

آپ کے پاک نسل فرزندان کا کیونکہ آپ کے لیے پاک و پاکیزہ ناموں والے خدا کے ہاں بڑا بلند مقام بہت بڑا مرتبہ اور ظاہر و نمایاں عزت و آبرو ہے

وَالْمَرْتَبَةَ الْجَلِيلَةَ وَ الْجاهَ الْعَرِيضَ اَللّٰهُمَّ لَوْ عَرَفْتُ مَنْ هُوَ أَوْجَهُ عِنْدَکَ مِنْ هذَا الْإِمامِ وَمِنْ

اے معبود! اگر میں یہ جانتا کہ دوسرے لوگ تیرے ہاں زیادہ عزت رکھتے ہیں بہ نسبت اس امامؑ اور اس کے پاک بزرگوں اور فرزندوں کے ان پر درود و سلام ہو تو

آبائِهِ وَأَبْنائِهِ الطَّاهِرِينَ عَلَيْهِمُ اَلسَّلامُ وَالصَّلاةُ لَجَعَلْتُهُمْ شُفَعائِي وَقَدَّمْتُهُمْ أَمامَ حاجَتِي وَطَلِباتِي

ضرور میں ان لوگوں کو اپنے سفارشی بناتا ہوں اپنی یہ حا D پوری کرانے کے لیے ان کا واسطہ دیتا ہوں پس میری پکار سن، میری دعا قبول فرما اور مجھ سے وہ

هذِهِ فَاسْمَعْ مِنِّي وَ اسْتَجِبْ لِي وَافْعَلْ بِي مَا أَنْتَ أَهْلُهُ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ. اَللّٰهُمَّ وَمَا قَصُرَتْ

برتاؤ کر جو تیرے شایان ہے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے معبود جو حاجات $میں نے طلب کیں وہ اس سے بہت کمتر ہیں میری قوت طلب اس

عَنْهُ مَسْأَلَتِي وَ عَجَزَتْ عَنْهُ قُوَّتِي وَ لَمْ تَبْلُغْهُ فِطْنَتِي مِنْ صالِحِ دِينِي وَدُنْيايَ وَآخِرَتِي فَامْنُنْ

سے عاجز ہے اور میری عقل ان تک نہیں پہنچتی کہ جو چیزیں میرے دین و دنیا اور میری آخرت کے لیے بہترین ہیں پس مجھ پر احسان کر اور وہ چیزیں عطا فرما

بِهِ عَلَيَّ وَ احْفَظْنِي وَاحْرُسْنِي وَ هَبْ لِي وَاغْفِرْ لِي وَمَنْ أَرادَنِي بِسُوءٍ أَوْ مَکْرُوهٍ مِنْ شَيْطانٍ

اور میری نگہبانی اور پاسبانی کر مجھ پر کرم اور مجھے بخش دے اور جو میرے لیے برائی اور غلط کام کا ارادہ کرے وہ اکڑ باز شیطان ہو یا دشمنی کرنے والا بادشاہ یا

مَرِيدٍ أَوْسُلْطانٍ عَنِيدٍ أَوْ مُخالِفٍ فِي دِينٍ أَوْ مُنازِعٍ فِي دُنْيا أَوْ حاسِدٍ عَلَيَّ نِعْمَةً أَوْ ظالِمٍ أَوْباغٍ

دین میں مخالف یا دنیا کے بارے میں جھگڑا کرنے والا یا میری نعمت پر حسد کرنے والا یا ظالم اور فسادی ہو پس اس کا ہاتھ مجھ سے روک دے ہاتھ مجھ سے

فَاقْبِضْ عَنِّي يَدَهُ وَاصْرِفْ عَنِّي کَيْدَهُ وَاشْغَلْهُ عَنِّي بِنَفْسِهِ وَاکْفِنِي شَرَّهُ وَشَرَّ أَتْباعِهِ وَشَياطِينِهِ

روک دے اس کا فریب مجھ سے دور رکھ اور میری بجائے اسے اپنی مصیبت ہی میں ڈال دے مجھے اس کے شر سے بچا لے اور اس کے ہمراہیوں اور ساتھیوں

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

وَأَجِرْنِي مِنْ كُلِّ مَا يَضُرُّنِي وَ يُجْحِفُ بِي وَ أَعْطِنِي جَمِيعَ الْخَيْرِ كُلِّهِ مِمَّاأَعْلَمُ وَمِمَّا لاَ أَعْلَمُ

کے شر سے بچا اور مجھ کو ہر اس چیز سے جو تکلیف دیتی پناہ دے اور مجھے دباتی ہے اور مجھ کو تمام بھلائیاں عطا فرما جن کو میں جانتا ہوں اور جن کو میں نہیں جانتا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْ لِي وَلِوالِدَيَّ وَ اِخْوانِي وَأَخَواتِي وَ أَعْمامِي وَعَمَّاتِي

اے معبود ! محمدؐ وآلِ محمدؐ پر رحمت نازل کر اور مجھ کو میرے ماں باپ کو میرے بھائیوں بہنوں کو میرے چچاؤں اور چچیوں کو بخش دے

وَأَخْوالِي وَخالاتِي وَ أَجْدادِي وَجَدَّاتِي وَأَوْلادِهِمْ وَذَرارِيهِمْ وَ أَزْواجِي وَذُرِّيَّاتِي وَأَقْرِبائِي وَ

میرے ماموؤں اور میری خالاؤں کو بخش دے اور میرے دادا اور دادیوں کو ان کی اولاد اور ان کی نسلوں کو بخش دے اور میری بیوی اور بچوں کو نیز میرے عزیزوں

أَصْدِقائِي وَجِيرانِي وَ إِخْوانِي فِيكَ مِنْ أَهْلِ الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ وَلِجَمِيعِ أَهْلِ مَوَدَّتِي مِنَ الْمُؤْمِنِينَ

میرے دوستوں میرے ہمسایوں اور میرے دینی بھائیوں کو بخش دے جو مشرق ومغرب میں آباد ہیں اور ان مومن بھائی بہنوں کو بخش دے جو مجھ سے

وَالْمُؤْمِناتِ الْاَحْياءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْواتِ وَلِجَمِيعِ مَنْ عَلَّمَنِي خَيْراً أَوْتَعَلَّمَ مِنِّي عِلْماً .اَللّٰهُمَّ

محبت رکھتے ہیں جو زندہ ہیں اور جو مر چکے ہیں سب کو بخش دے ان سب کو بھی بخش دے جن سے میں نے علم سیکھا اور جنہوں نے مجھ سے علم حاصل کیا اے معبود!

أَشْرِكْهُمْ فِي صالِحِ دُعائِي وَزِيارَتِي لِمَشْهَدِ حُجَّتِكَ وَوَلِيِّكَ وَأَشْرِكْنِي فِي صالِحِ أَدْعِيَتِهِمْ

ان سب کو میری بہترین دعاؤں اور میری زیارت میں شریک فرما جو میں نے تیری حجتؑ اور تیرے ولیؑ کے مزار پر کی ہے اور مجھے بھی ان کی بہترین دعاؤں

بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ وَبَلِّغْ وَلِيَّكَ مِنْهُمُ السَّلامَ وَالسَّلامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَ

میں شامل رکھ اپنی رحمت سے اے سبسے زیادہ رحم کرنے والے اور ان سب کی طرف سے اپنے اس ولی کو سلام اور آپ پر سلام ہو خدا کی رحمت ہو

بَرَكاتُهُ يَا سَيِّدِي يَا مَوْلايَ يَا فلان بن فلان صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ عَلَى رُوحِكَ وَبَدَنِكَ أَنْتَ

اور اس کی برکات ہوں اے میرے آقا، اے میرے مولا، اے فلاں بن فلاں خدا رحمت کرے آپ پر، آپ کی روح پر اور آپ کے بدن پر آپ خدا کے

وَسِيلَتِي إِلَى اللّٰهِ وَذَرِيعَتِي إِلَيْهِ وَلِي حَقُّ مُوالاتِي وَ تَأْمِيلِي فَكُنْ شَفِيعِي إِلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فِي

حضور میرا وسیلہ اور اس کی طرف میرا ذریعہ ہیں اور مجھے آپ کی محبت میں آرزو کا حق پہنچتا ہے پس خدائے بلند وبرتر کے ہاں میرے سفارشی

الْوُقُوفِ عَلَى قِصَّتِي هذِهِ وَ صَرْفِي عَنْ مَوْقِفِي هذَا بِالنُّجْحِ بِمَا سَأَلْتُهُ كُلِّهِ بِرَحْمَتِهِ وَ قُدْرَتِهِ.

بنیں میری یہ داستان اس تک پہنچانے میں تا کہ وہ مجھے اس جگہ سے تمام حاجتوں اور مرادوں میں کامیاب کر کے پلٹائے اپنی رحمت اور قدرت کے ساتھ

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي عَقْلاً كامِلاً وَلُبّاً راجِحاً وَعِزّاً باقِياً وَقَلْباً زَكِيّاً وَ عَمَلاً كَثِيراً وَأَدَباً بارِعاً وَاجْعَلْ

اے معبود! مجھ کو عقل کامل عطا فرما اور فہم رسا اور ہمیشہ کی عزت، پاکیزہ دل ،بہت زیادہ عمل اور بہترین اخلاق دے اور یہ سب

ذلِكَ كُلَّهُ لِي وَلاَ تَجْعَلْهُ عَلَيَّ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ.

اوصاف مجھ کو عنایت کر اور مجھ پر تکلیف نہ آنے دے اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com